Urdu

# کیا آپ اپنے بچے کی نشونما کے بارےمیں فکر مند ھیں ؟

## ان والدین کے لئے جو جاپان میں اپنے بچوں کی پرورش کر رھیں ھیں۔

اج کل جاپان میں رھنے والے غیر ملکی افراد اور ان کے بچوں کی تعداد میں اضافہ ھو رھا ھے۔
اگر آپ اپنے بچوں کی پرورش کے بارےمیں فکر مند ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ کہاں جانا ہے اور کس سے مدد طلب کرنی ہے تو یہ آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کر سکتا ہے۔ جاپان بھر میں ایسے ادارے قائم ہیں جو کہ ایسے والدین کو مدد فراہم کرتے ہیں جو اپنے بچوں کی نشونما کے بارےمیں فکر مند ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ کتابچہ آپ کومطلوبہ معلومات اور تعاون مہیا کرنے میں مدد گار ثابت ہو گا ۔

## طبی معائنہ سے فائدہ اٹھائیں

ہر مقامی حکومت بچوں کے لئے مفت طبی معائنہ کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ برائے مہربانی طبی معائنہ کی اس مفت سہولت کو ضرور استعمال کریں۔ کیونکہ اپنے بچے کی نشونما اور صحت سے آگاہی کا یہ ایک اہم موقع ہے۔

معالج کے ذریعہ سے معائنہ۔ ہر طبی معائنہ بالمعاوضہ فراہم کیا جاتا ہے،اور مشورہ کے لیے اضافی فیس نہیں لی جا تی۔
برائے مہربانی طبی معائنہ کے اوقات کار کے بارے میں اپنے مقامی صحت عامہ کے دفتر سے رابطہ فرمایں کیونکہ ہر عالقہ کے مختلف اوقات کار ہیں۔
آپ کے بچے کی عمر کے مطابق ہر طبی معائنہ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

**【معائنہ برائے شیر خوار】**
جب آپ کا بچہ 3 سے4ماہ کی عمر کو پہنچ جائے۔ اگر آپ فکر مند ھیں تو کسی بھی صحت عامہ کی نرس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ کسی بھی ماہر غذائیت سے بچے کی خوراک کے بارےمیں مشورہ کرسکتے ہیں۔

**【ماہ کی عمر کا معائنہ۸】**
ماہ سے ۲۴ماہ کی عمر تک۸
اگر آپ فکر مند ھیں تو کسی بھی صحت عامہ کی نرس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**【سال کی عمر کا معائنہ۳】**
سال سے ۴ سال تک کی عمر۳-
پیشاب کا ٹیسٹ۔
سماعت اور بصارت کا معائنہ۔
اگر آپ فکر مند ھیں تو صحت عامہ کی نرس، ماہر غذائیات یا کر سکتے ہیں۔

**【اسکول جانے کی عمر کا معائنہ】**
بچے کے اسکول جانے سے پہلے ستمبر میں آپ کو مقامی تعلیمی بورڈ کی جانب سے مطلع
اسکول کی عمر کا بچے معائنہ کے میں سکول پرائمری ہی ۔

**【اسکول میں داخلہ کے موقع پر مشورہ】**
مقامی تعلیمی بورڈ اور تعلیمی مرکز معذور بچوں اور بچوں کے پرائمری سکول کے بارےمیں فکر مند والدین کے لئے مشورہ کی سہولت
اسکول میں داخلہ کے موقع پر مشورہ لینے کے لیے وقت مقرر کرنا ہوگا۔ وقت مقرر کرنےکے لیے برائے مہربانی اپنے مقامی تعلیمی مرکز



**معذور بچوں کے لیے تعلیم**
تعلیمی بورڈ بچوں اور والدین کی رائے کا احترام کرتے ہوئے فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کے بچے کے لئے کس قسم کا سکول بہتر ہو گا۔
پرائمری سکول میں خصوصی ضرورت کا کمرہ یا سہارا دینے کا کمرہ ہوتا ہے۔
اس کے عالوہ معذور بچوں کے لئے خصوصی ضروریات کے سکول ہوتے ہیں

## کیا آپ نے مشاہدہ کیا کہ آپ کا بچہ....

بولنے میں تاخیر۔
نام پکارنے پر ردعمل ظاہر نہیں کرتا۔
بہت کم یا بالکل نظر نہیں ملاتا۔
آوازوں پر بہت حساس ہونا۔اپنے کانوں کو ڈھانک لینا وغیرہ۔
اور بچوں میں دلچسپی نہ لینا یا اور بچوں کے ساتھ نہ کھیلنا۔
بےچین رہنا یا مستقل حرکت میں رہنا۔
دلچسپیوں کا محدود ہونا۔ مثلا ا خاص۔ رنگ،علامات،حروف اور ہندسوں وغیرہ میں
اجتماعی سرگرمیوں میں دیگر بچوں کی طرح عمل نہ کرنا۔
طر ز زندگی کی عادات مثلا ا بیت الخلا جانے اور کپڑے تبدیل کرنے کے کاموں کو تاخیر سے سیکھنا۔
اکثر لمبے وقت کے لئے شدید غصہ کا اظہار کرنا۔



**بچے کا مندرجہ بالا رویہ اور رحجان والدین کے لئے پریشانیوں کا باعث بن سکتا ہے۔**
**ہو سکتا ہے کہ بچے کا یہ رویہ عارضی ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کا بچہ نشونما کے مسائل کا شکار ہو یا پھر معذور ہو۔**

## نشونما کی خرابی کیا ہے

شوونما کی خرابی (ڈی ڈی) دماغ کے افعال کی کمی کو کہا جاتا ہے۔اور کئ صورتوں میں یہ پیدائشی ہوتی ہے۔ یہاں ایک ہی خرابی کے اشخاص مختلف علامات ظاہر کرتے ہیں۔یہ بھی ممکن ہے کہ کسی کو ایک سے زیادہ طرز کی ڈی ڈی ہو۔

عقلی نشونما میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

**وسیع طور پر ذہنی نشونما میں خرابی(ASD)**
**ایسپرجر** | **آٹزم**

بولنے میں تاخیر۔ (ایسپرجر کی علامات میں نہیں مشاہدہ کیا گیا
رابطہ کرنے میں مشکل۔
سماجی میل جول میں مسئلہ۔
معمول سے ہٹ کر کام نہ کرنا، دقیانوسی رویہ،محدود دلچسپیاں،جنونی، وہمی۔
انتہائی حساس،اناڑی پن سے کام کرنا۔

**توجہ کی کمی کی خرابی(ADHD)**

توجہ مرکوز رکھنے کے قابل نہ ہونا۔
ساکت یا خاموش رہنے کے قابل نہ ہونا۔
فطری رویہ۔

**سیکھنے کی معذوری (LD)**

سیکھنے کی خصوصی معذوری
عمومی طور پر ذہن نارمل ہو لیکن لکھنے پڑھنے اور حساب کتاب میں واضح مشکل ۔

نوٹ: ڈی ڈی کی دیگر اقسام میں مرض تورت،ہکالنا اور ڈویلپمنٹل کوآرڈینیشن ڈس آرڈر شامل ہے

## سرٹیفکیٹ برائے معذور افراد

معذور افراد کے لئے سرٹیفکیٹ کا حصول مختلف سماجی بہبود کے وظائف اور سہولیات کی رسائی حاصل کرتا ہے جو کہ معذوریت کی قسم اور شدت(کیفیت) پر منحصر ہے۔

معذوری کی قسم پر منحصر تین قسم کی سرٹیفکیٹ ہیں۔ بحالی کی سرٹیفکیٹ ،ذہنی معذوری کی سرٹیفکیٹ ،جسمانی معذوری کی سرٹیفکیٹ ۔




سرٹیفکیٹ کی موجودگی سے سماجی فالح و بہبود کے وظائف کا حصول آسان ہو جاتا ہے۔

وظیفہ کی رقم معذوری کی قسم اور کیفیت پر منحصر ہے۔

فالح و بہبود کی انفرادی سہولیات اور وظیفہ کی اہلیت ہر مقامی حکومت میں مختلف ہوتی ہے۔

برائے مہربانی مزید معلومات کے لیے مقامی حکومت کے فالح و بہبود کے افسر سے رابطہ کریں۔

## اضافی معلومات

**غیر ملکی رہائش پذیر افراد کے لیے پورٹل سائٹ.**

یہ پورٹل سائٹ کابینہ کے دفاتر کے ذریعہ سے تشکیل دی گئی ہے۔ اور اس میں مختلف غیر ملکی زبانوں میں مشاورت کے لئے ٹیلی فون نمبرز کی فہرست درج ہے جو کہ صوبائی حکومت کے ذریعہ سے ترتیب دی گئی ہے۔

http://warp.da.ndl.go.jp/info:ndljp/pid/11125722/www8.cao.go.jp/teiju-portal/jpn/index.html

**اے ایم ڈی اے بین االقوامی طبی معلومات کا مرکز.**

یہ غیر ملکی رہائش پذیر افراد کے لیے ٹیلی فون کے ذریعے معلومات حاصل کرنے کی سہولت ہے جو کہ آپ کو طبی سہولیات حاصل کرنے کی معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ آپ کو اپنے مقامی زبان بولنے والے ڈاکٹر اور طبی فالح و بہبود کی سہولیات کے حصول کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔

ٹوکیو آفس **(10:00-15:00 ,پیر- جمعہ) 03-6233-9266 :فون**

http://amda-imic.com/

**Google LLC کے ذریعہ ترجمہ**

یہ ایپ آپ کو مختلف زبانوں میں عبارت کا ترجمہ،فوری تصویر کا ترجمہ،تحریری ترجمہ،گفتگو اور بات چیت کے تراجم کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ آپ اس ایپ کو گوگل پلے اور ایپ سٹور سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔




**VoiceTra رابطے اور معلومات کا قومی مرکز.**

یہ اکتیس زبانوں میں ترجمہ کی جاپانی ایپ ہے۔ آپ اس ایپ کو مفت ڈاؤن لوڈ کر کے استعمال کر سکتے ہیں۔

http://voicetra.nict.go.jp/

**کلیری نیٹ(جاپانی زبان میں)**

یہ باہر کے ملکوں سے واپس آنے والے جاپانی بچوں یا غیر ملکی بچوں کے لئے تعلیمی معلومات فراہم کرتی ہے۔

http://www.mext.go.jp/a_menu/shotou/clarinet/003.htm

**نشو نما کی معذوری کےشکار افراد کی تعلیم کے فروغ کا مرکز**

یہ سکھانے کا طریقۂ کار،مواد، ڈی ڈی کے شکار بچوں کے لئے مددگار آالت،ڈی ڈی کے بارے میں تحقیق ،اساتذہ کے لئے ویڈیو لیکچرز اور اس سے متعلقہ حکومتی منصوبہ بندی اور قانون کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔

http://icedd_new.nise.go.jp/

**[ناشر]**

**نشونما کی خرابی کے شکار افراد کے لئے معلومات اور تعاون کا مرکز**

قومی مرکز برائے معزوری بحالی

**http://www.rehab.go.jp/ddis/**

قومی مرکز برائے معزوری بحالی
نشونما کی خرابی کے شکار افراد کے لئے معلومات
اور تعاون کا مرکز

**[شایع کردہ] مئی 2021**

## مشاورت کی خدمات سے مستفید ہونا

شخصیت کی خصلت اور نشونما کی رفتار ہر بچہ میں مختلف ہوتی ہے لہٰذا یہ بہت اہم ہے کہ جب تشویش پیدا ہو تو ابتداء میں ہی آپ مشورہ کر لیں تاکہ آپ بچے کو مناسب طریق پر توجہ دے سکیں۔

اپنے بچے کی پرورش اور نشونما کے بارےمیں جب تشویش پیدا ہو تو آپ مقامی حکومت کے لئے کام کرنے والی سے رہنمائی لیں۔ع

اگر آپ کا بچہ نرسری یا کنڈر گارٹن جاتا ہے تو اس کے بارے میں باقاعدگی سے اساتذہ کے ساتھ بات چیت کریں۔



بعض جگہ مقامی حکومت آپ کو انفرادی یا پھر گشتی نشونما کے مشیر کی سہولت فراہم کرتی ہے۔

بعض مقامی حکومت والدین اور ان کے بچوں کے لئے گروپ ورک شاپ ) اکٹھے کام کر نے کی جگہ( مہیا کرتی ہے جہاں وہ سیکھتے ہیں کہ اپنے بچے کی نشونما کے مختلف مراحل کے دوران وہ اپنے بچے کے ساتھ کس طرح تعلق رکھ سکتے ہیں۔

نوٹ: مشاورت کی خدمات کی تفصیالت بلدیہ کے مختلف مراکز میں مختلف ہوتی ہےبرائے مہربانی مزید معلومات کے لیے عوامی صحت کاادارہ یا صحت عامہ کے مرکز میں موجود صحت عامہ کی نرس سے رابطہ کریں۔

## معالج سے ملنے کے متعلق

جاپان میں ڈی ڈی کی تشخیص بچوں کے ماہر ڈاکٹر یا نفسیاتی معالج کے ذریعہ سے کی جاتی ہے۔اگر آپ معالج کے پاس جانا چاہتے ہیں تو بہتر ہے کہ آپ

اپنے عالقہ میں موجود ہسپتال اور کلینکس جن میں ڈی ڈی کے شکار افراد کے لیے خصوصی معالج موجود ہوں یا پھر معذور افراد سے تعاون کے مرکز یا پھر صحت عامہ کی نرس سے رابطہ فرمایں۔



اپنی پہلی مالقات میں بچے کی صحت کا انشورنس کارڈ اور ماں اور بچے کی ہیلتھ ہینڈبوک ہمراہ لے کر جائیں۔

اپنے بچے کے بارے میں اپنے خدشات اور بچے کا گھر میں اور نرسری یا کنڈر گارٹن میں طرز عمل لکھ کر تیار کر لیں۔

**تشخیص اور عالج**

اگر ضرورت ہو گی تو ڈاکٹر آپ کے بچے کے مرض کی تشخیص کرے گا اور اپنے خصوصی معالج کے ذریعہ اس کا عالج کرے گا۔

یہ تشخیص ذہنی نشوونما اور کارکردگی کے معیار کےامتحان،سماعت کا امتحان اور دماغ کی لہروں کے امتحان )ای ای جی( پر مشتمل ہو گی۔

**اگر آپ کے بچے میں ڈی ڈی کی تشخیص ہو تی ہے تو.....**

اگر آپ کے بچے میں ڈی ڈی کی تشخیص ہوتی ہے تو یہ آپ کے لئے پریشانیوں کا باعث بن سکتی ہے۔ بہرحال آپ اپنے ماحول میں تبدیلی پیدا کر کے اور اپنے بچے کے ساتھ بات چیت اور تعلق کو مرتب کر کے اس کی نشونما میں مثبت نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ برائے مہربانی، آپ کے خیال میں جو چیزیں آپ کے بچے کے لئے مفید ثابت ہوسکتی ہیں، اس کو بچے کے معالج اور ماہر عملے سے ضرور مشورہ کریں۔

## نشونما کی افراد معذور اور خرابی کے تعاون لیے کا مرکز

**نشونما میں معذوری کے شکار افراد کو سہارا فراہم کرنے کا ایکٹ**

معذور افراد کو سہارا دینے کا ایکٹ جاپانی قانون ہے۔ جو کہ ڈی ڈی کے شکار بچوں ( عمر مستثنی ہے ) اور ان کے خاندان کو سہارا دینے کے غرض سے قائم کیا گیا ہے۔ اس ایکٹ کا مقصد یہ ہے کہ ایک ایسا معاشرہ قائم کیا جائے جہاں ڈی ڈی کے شکار بچے اچھی طرح پرورش پا سکیں اور ان کے خاندان احساس تحفظ کے ساتھ ان کی دیکھ بھال کر سکے۔

**نشونما کی افراد معذور اور خرابی کے تعاون لیے کا مرکز**

ہر اور ضلع ہر حکومت جاپانی میں عالقہ کے فرمان کے کمی میں نشوونما اور افراد معذور تحت کا افراد شکار کے لیے ہیں قائم مراکز جو کہ کردار مرکزی میں کرنے مہیا تعاون اور معلومات ادا کر ہیں رہے ہوئے پھیلے میں بھر جاپان ان مراکز سے سائٹ ویب ذیل مندرجہ کے حاصل معلومات ذریعہ کی جا ۔

**معذوری کے شکار افراد کے لیے تعاون اور معلومات کا مرکز**

**http://www.rehab.go.jp/ddis/**

**[آپ کے عالقہ میں ڈی ڈی کے شکار افراد سے تعاون کا مرکز]**

نام

حوال